2025-02-11

Hrs 08.30

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں                                   اسلم بیگ

پہلے اِس وقت کی خاص خاص خبریں

---

1- وزیراعظم نریندر مودی آج پیرس میں فرانس کے صدر ایمانوئل میخواں سے بات چیت کریں گے۔ وزیراعظم، AI ایکشن سمٹ کی مشترکہ طور پر صدارت بھی کریں گے۔

2- صدر جمہوریہ دروپدی مرمو آج شام نئی دلی میں یونانی دن کے موقع پر دو روزہ بین الاقوامی کانفرنس کا افتتاح کریں گی۔

3- بھارت نے ملک میں تیار کیے گئے اپنے پہلے خودکار بایو میڈیکل Waste Treatment پلانٹ کا آغاز کیا ہے۔

4- اِنڈیا اِنرجی ویک 2025 آج سے دلی کے Yashobhoomi میں شروع ہوگا۔ اس میں 700 نمائش کار جدید ترین ٹیکنالوجی کی نمائش کریں گے۔

5- اور

چین میں بیڈمنٹن ایشیا مکسڈ چیمپین شپ آج سے شروع ہوگی۔ لکشیہ سین اور Malvika Bansod بھارتی ٹیم کی قیادت کریں گے۔

اب خبریں تفصیل سے۔

Rev. Modi France Visit

وزیراعظم نریندر مودی آج پیرس میں فرانس کے صدر ایمانوئل میخواں سے بات چیت کریں گے، جس کا مقصد بھارت۔فرانس تعلقات کو مستحکم کرنا ہے۔ جناب مودی کلیدی دو طرفہ مذاکرات میں بھی شرکت کریں گے جس میں بھارت اور فرانس کے درمیان کئی دو طرفہ معاہدوں پر دستخط کئے جانے کی امید ہے۔ جناب مودی آج AI ایکشن سمٹ میں بھی شرکت کریں گے جہاں عالمی AI معیارات کے قیام اور ذمہ دار AI ترقی کو فروغ دینے کے مقصد کے ساتھ بھارت اِس اجلاس کی مشترکہ صدارت کر رہا ہے۔ اس سلسلے میں تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

V/C Raja Durai

جیسے جیسے مصنوعی ذہانت ہماری دنیاکو بدل رہی ہے اور رازادری، تعصب اور ملازمتوں کے نقصان جیسے خدشات پیدا ہو رہے ہیں۔ وزیراعظم دیگر رہنماؤں کے ساتھ مل کر عالمی AI معیارات کے قیام اور اس ٹیکنالوجی کی ذمہ ارانہ ترقی پر غور کریں گے۔

رہنماؤں کا اعلان اور ایک AI فاؤنڈیشن کا اعلان اس سربراہ اجلاس میں متوقع ہے۔ دونوں رہنما بھارت۔فرانس CEO فورم کی بھی مشترکہ صدارت کریں گے۔

اہم دو طرفہ معاہدے بشمول دفاعی معاہدے 2047 کے روڈ میپ کے مطابق دونوں ممالک کے درمیان تعلقات کو مضبوط بنانے کے لیے ایک معاہدہ طے پانے کی توقع ہے۔

آج شام وزیراعظم مودی تاریخی شہر Marseille روانہ ہوں گے جہاں وہ صدر میخواں کے ساتھ کئی میٹنگس میں شرکت کریں گے۔

آج کا مصروف ترین ایجنڈہ بھارت کی متحرک اور مستقبل کی جانب دیکھنے والی سفارتکار کی عکاسی کرتا ہے۔ وزیراعظم کی مصروفیات عالمی AI معیارات طے کرنے سے لے کر اسٹریٹیجک شراکتداریوں کے قیام تک بھارت کی اہمیت کو اجاگر کرتی ہے

پیرس سے راجہ دُرئی کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں....

اِس سے پہلے کَل رات فرانس پہنچنے پر وزیراعظم کا والہانہ استقبال کیا گیا۔ فرانس کے وزیر دفاع Sebastien Lecornu نے ہوائی اڈّے پر اُن کا گرمجوشی کے ساتھ استقبال کیا۔ ساتھ ہی پیرس میں بھارتی برادری نے ان کا پُرجوش انداز میں خیر مقدم کیا۔

سرد موسم کے باوجود پیرس میں بھارتی برادری نے وزیراعظم مودی کا گرمجوشی سے استقبال کیا۔

اِس دوران فضا، مودی مودی کے نعروں، بھارت کے ترنگہ پرچم اور جوش و خروش سے بھرے نعروں سے گونج رہی تھی، پیرس میں بھارتی برادری نے اُن کا والہانہ استقبال کیا۔

S/B Vox Pop

وزیراعظم، نریندر مودی نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں بھارتی برادری کے جوش و جذبے پر اظہارِ تشکر کرتے ہوئے فخر کا اظہار کیا۔

بعد میں انھوں نے فرانس کے صدر ایمانوئل میخواں کی طرف سے دیے گئے عشائیہ میں شرکت کی، جو مصنوعی ذہانت کے سربراہ اجلاس میں شامل ہونے والے رہنماؤں کے اعزاز میں دیا گیا تھا۔ وزیراعظم نے اِس موقع پر امریکہ کے نائب صدر JD Wanes سے بھی تبادلہ خیال کیا۔

فرانس میں اپنی مصروفیات کے بعد وزیراعظم امریکہ کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی دعوت پر امریکہ کے دو روزہ دورے پر روانہ ہوں گے۔وہ Marseille سے کل روانہ ہوں گے۔ x

Prez. Unani Day

صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو آج نئی دلی میں یونانی دن کے موقع پر دو روزہ بین الاقوامی کانفرنس کا افتتاح کریں گی۔ سائنس اور ٹیکنالوجی کے وزیر ڈاکٹر جتیندر سنگھ بھی اس موقع پر موجود رہیں گے۔

نامور یونانی حکیم، ماہرِ تعلیم اور مجاہد آزادی حکیم اجمل خاں کے یومِ پیدائش پر ہر سال گیارہ فروری کو یونانی دن منایا جاتا ہے۔

یونانی ادویات میں تحقیق کی مرکزی کونسل آیوش کی وزارت کے تحت ایک مرکزی تحقیقی کونسل ہے، جو "مربوط طبی اقدامات کے لیے یونانی ادویات میں اختراعات۔ آگے کی راہ" کے موضوع پر اِس دو روزہ بین الاقوامی کانفرنس کی میزبانی کر رہی ہے۔

یہ کانفرنس مذاکرات، تعاون اور علم کے تبادلے کے لیے ایک پلیٹ فارم کے طور پر کام کرے گی، جس کا مقصد عالمی صحت اور بہبود کو فروغ دینے میں یونانی ادویات کے اہم رول کو اجاگر کرنا ہے۔x

Jitendra Biowaste

مرکزی وزیر ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے نئی دلّی کے ایمس اسپتال میں کُل سودیشی طرز پر بنے بھارت کے پہلے خودکار بائیو میڈیکل اخراج کے بندوبست کے رِگ، Srujanam کا آغاز کیا۔

تروانتپورم کے CSIR نیشنل انسٹی ٹیوٹ فار اِنٹر ڈِسپلنری سائنس اینڈ ٹیکنالوجی، NIIST کے ذریعہ تیار کردہ یہ اپنی نوعیت کی ملک کی پہلی رِگ ہوگی۔

اس موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے جناب سنگھ نے کوڑے کو سرمایہ میں بدلنے کی جانب منتقلی پر زور دیا اور پائیداریت اور ماحولیاتی تحفظات کی اہمیت پر روشنی ڈالی۔x

LS Financial Inclusion

پی ایم جن دھن یوجنا کے تحت اِس سال جنوری تک ملک میں 54 کروڑ سے زیادہ بینک کھاتے کھولے گئے ہیں۔ لوک سبھا میں ایک تحریری جواب میں وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن نے کہا کہ 30 کروڑ سے زیادہ بینک کھاتوں میں سے 55 فیصد سے زیادہ کھاتے خواتین پر مشتمل ہیں۔ وزیر موصوف نے کہا کہ حکومت نے بغیر بینک کھاتے والے ہر معمر شخص کا احاطہ کئے جانے پر توجہ مرکوز کرنے کے ساتھ مالی شمولیت کیلئے متعدد اقدامات کئے ہیں۔

وزیر موصوف نے مزید کہا کہ پی ایم جیون جیوتی بیما یوجنا کے ساتھ 22 کروڑ سے زیادہ لوگوں کا اندراج، جبکہ پی ایم سُرکشا بیما یوجنا کے ساتھ 49 کروڑ سے زیادہ لوگوں کا اندراج کیا گیا ہے۔x

RS PMIS

حکومت نے کہا ہے کہ وزیراعظم اِنٹرن شپ اسکیم،PMIS کا دائرہ، بہت چھوٹے، چھوٹے اور درمیانی درجے کے کاروباریوں، MSMEs تک وسیع نہیں کیا گیا ہے۔ راجیہ سبھا میں ایک تحریری جواب کے ذریعہ MSMEs کے وزیر جیتن رام مانجھی نے یہ معلومات دی۔ انہوں نے بتایا کہ اسکیم کے پائلٹ پروجیکٹ کے طور پر گزشتہ سال نومبر میں ایک لاکھ 25 ہزار اِنٹرن شپ کے مواقع فراہم کئے گئے۔ جناب مانجھی نے مزید کہا کہ کارپوریٹ امور کی وزارت نے گزشتہ تین سال کے دوران CSR کے اوسط اخراجات کی بنیاد پر PMIS کے نفاذ کیلئے ٹاپ پانچ سو کمپنیوں کی پہچان کی ہے۔x

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

Niti Aayoge Report

نیتی آیوگ نے ریاستوں اور ریاست کی عوامی یونیورسٹیوں میں اعلیٰ درجے کی معیاری تعلیم کے دائرہ کار میں توسیع سے متعلق رپورٹ جاری کی ہے۔ نیتی آیوگ کے نائب چیئرمین سُمن بیری، CEO بی وی آر سبرامنیم اور رُکن ڈاکٹر ونود کمار نے نئی دلّی میں کل اسے جاری کیا۔ اس موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے جناب بیری نے امید ظاہر کی کہ اس رپورٹ میں تجویز کردہ سفارشات کو مرکز اور ریاستی حکومتوں کی وزارتوں کی جانب سے ترجیحی بنیاد پر آگے بڑھایا جائے گا۔ انہوں نے IITs جیسے ملک کے اداروں اور ریاستی عوامی یونیورسٹیوں سے اپیل کی کہ وہ اعلیٰ معیار کو اپنانے کی کوشش کریں۔

نیتی آیوگ کے CEO بی وی آر سبرامنیم نے کہا کہ قومی تعلیمی پالیسی 2020 کا مقصد، سال 2035 تک اعلیٰ تعلیم کے نظام میں اندراج کو دو گنا کرتے ہوئے 9 کروڑ طلباء تک لے جانا ہے۔ جناب سبرامنیم نے مزید کہا کہ نیتی آیوگ کی جانب سے تیار کردہ یہ اہم رپورٹ، قومی تعلیمی پالیسی 2020 کے ساتھ مل کر بھارت کے اعلیٰ تعلیم کے منظر نامے میں خاطر خواہ تبدیلی لائے گی۔×

Rev. Energy Week

اِنڈیا اِنرجی ویک 2025 آج سے نئی دلی کے یشو بھومی میں شروع ہوگا۔ انڈیا اِنرجی ویک 2025 عالمی توانائی کے کیلینڈر میں ایک ایسا اہم پروگرام بننے جا رہا ہے، جو پچھلے ایڈیشنز کی تیز رفتار ترقی کو جاری رکھے گا۔

نئی دلی میں میڈیا کو تفصیل بتاتے ہوئے پیٹرولیم اور قدرتی گیس کے وزیر Hardeep Singh Puri نے کہا کہ وزیراعظم نریندر مودی اِس چار روزہ بڑے پروگرام کا ورچوئل وسیلے سے افتتاح کریں گے۔

اس سلسلے میں تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

ایک رپورٹ

V/C Priya

700 سے زیادہ نمائش کار اور 70 ہزار عالمی توانائی کے پیشہ ور افراد، اختراع، شراکت داری اور مستقبل پر مبنی توانائی کے مستقبل کے قیام کے مقصد سے اس چار روزہ پروگرام میں شرکت کریں گے۔ کل نئی دلّی میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے پیٹرولیم اور قدرتی گیس کے مرکزی وزیر ہردیپ سنگھ پوری نے کہا کہ وزیراعظم نریندر مودی آج اس پروگرام کا افتتاح ورچوئل وسیلے سے کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ یہ تقریب وزارتوں اور CEO کی شرکت کے لحاظ سے عالمی سطح پر توانائی کے شعبے کی دوسری سب سے بڑی تقریب ہوگی، جس میں خلاء پر مبنی نمائش اور کئی اجلاس ہوں گے۔ اس کانفرنس میں عالمی سطح کے توانائی کے رہنما، پالیسی ساز اور ماہرین، توانائی کے تحفظ، استحکام، ابھرتی ہوئی ٹیکنالوجیز اور مستقبل میں کاربن کے کم اخراج جیسے اہم موضوعات پر اپنے خیالات کا اظہار کریں گے۔ وزیر موصوف نے کہا کہ یہ تقریب پردھان منتری اُجولا یوجنا کے تحت بھارت کی کامیابی کو اجاگر کرے گی۔ جناب پوری نے مزید کہا کہ کینیڈا، جرمنی، جاپان، امریکہ اور برطانیہ سمیت 10 ممالک اس تقریب میں اپنے پویلین قائم کریں گے۔

نئی دلّی سے پریا مونڈل کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں آسیہ میمونہ

Mahakumbh Railway

اور اب کچھ خبریں پریاگ راج میں جاری مہاکمبھ سے

Montage Opening

بھارتی ریلویز پریاگ راج میں کل ہونے والے ماگھی پورنیما اسنان سے قبل یاتریوں اور سیاحوں کے لیے خصوصی انتظامات کے تحت جنگی پیمانے پر کام کر رہی ہے۔

ریلویز کے وزیر اشونی ویشنو نے کل پریاگ راج ریلوے اسٹیشن پر انتظامات کا جائزہ لیا۔ جائزے کے دوران جناب ویشنو نے بھیڑ بھاڑ کی موجودہ صورتحال کا جائزہ لیا اور سینئر اہلکاروں کے ہمراہ ریلویز کی تیاری پر تبادلہ خیال کیا۔

دلی میں میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے جناب ویشنو نے کہا کہ حکومت نے مہاکمبھ کے لئے شہر میں آٹھ ریلوے اسٹیشنوں پر وسیع تر بندوبست کئے ہیں۔

ایک رپورٹ

V/C Adarsh

جناب ویشنو نے کہا کہ مرکز، اترپردیش حکومت کے ساتھ قریبی تال میل سے عقیدت مندوں کیلئے ریلوے اسٹیشن پر ہر ممکن انتظام کرنے میں لگی ہے۔

ریلوے بورڈ کے چیئرمین اور CEO ستیش کمار نے واضح کیا کہ صرف پریاگ راج سنگم اسٹیشن جمعہ کے روز تک مسافروں کیلئے بند رہے گا، جو کہ معمول کے مطابق طریقہ کار کا حصہ ہے۔ پریاگ راج جنکشن سمیت پریاگ راج علاقے کے سبھی 8 ریلوے اسٹیشن پوری طرح کام کررہے ہیں۔

اس دوران مہا کمبھ میں کسی طرح کی غلط معلومات سے بچنے کیلئے ریلوے زون مسافروں کو خدمات سے متعلق تفصیلات فراہم کررہے ہیں۔

ریلوے بورڈ کے تعلقات عامہ کے ایگزیکیٹو ڈائریکٹر دلیپ کمار نے بتایا کہ سنگم علاقے مختلف ریلوے اسٹیشنوں پر 13 ہزار سے زیادہ ریلوے اہلکاروں کو تعینات کیا گیا۔ انہوں نے بتایا کہ چوکسی میں اضافے کے مقصد سے چہرے کی پہچان اور مصنوعی ذہانت جیسی ٹیکنالوجی سے اراستہ CCTV بھی استعمال کئے جارہے ہیں۔

وہیں وسطی ریلوے کے CPRO سوپنل نِلا نے بتایا کہ وسطی ریلوے، کمبھ میلے میں شرکت کے خواہشمند مسافروں کیلئے کئی خصوصی ٹرینیں چلارہی ہے۔

ریلوے کی وزارت نے مسافروں کو مشورہ دیا ہے کہ وہ تازہ ترین جانکاری حاصل کرنے اور کسی طرح کی غلط معلومات سے بچنے کیلئے ریلوے کے مستند ذرائع اور سوشل میڈیا ہینڈلس کا استعمال کریں۔×

## Drug Seizure

مرکزی وزارت صحت نے اعلان کیا ہے کہ سال 2024 کے دوران 25 ہزار کروڑ روپے سے زیادہ مالیت کی منشیات ضبط کی گئی ہیں۔ یہ مقدار، سال 2023 میں ضبط کی گئی 16 ہزار کروڑ روپے مالیت کی مقدار سے 55 فیصد زیادہ ہے۔ ضبطگی کی یہ کارروائی وزارت کی منشیات کے خلاف عدم برداشت کی پالیسی کا حصہ ہے۔ اپنے بیان میں وزارت صحت نے بتایا کہ سِنتھیٹک منشیات، کوکین اور سائیکو ٹروپک مادّوں کے طور پر استعمال کی جانے والی فارما سوئیٹیکل دواؤں سمیت نقصان دہ اور نشہ آور اشیاء کی ضبطگی میں اضافہ ہوا ہے۔

واضح رہے کہ کوکین کی ضبطگی میں قابل ذکر اضافہ دیکھا گیا ہے اور یہ سال 2023 میں ضبط کی گئی 292 کلو گرام کی مقدار سے بڑھ کر سال 2024 میں ایک ہزار 426 کلو گرام ہوگئی ہے۔

اسی طرح حشیش کی ضبطگی کی مقدار، سال 2023 کے 34 کوئنٹل سے بڑھ کر سال 2024 میں 61 کوئنٹل ہوگئی ہے۔×

## Guatemala Accident

گواٹے مالا میں کم از کم 55 افراد کل اُس وقت ہلاک ہوگئے، جب راجدھانی کے مضافات میں ایک بس پل سے نیچے کھائی میں جاگری۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق جائے حادثے سے 53 لاشیں برآمد کی گئیں اور دو لوگوں نے بعد میں اسپتال میں دم توڑ دیا۔ یہ حادثہ اُس وقت پیش آیا، جب کئی گاڑیوں کے آپس میں ٹکرانے کی وجہ سے بس سڑک سے نیچے اُتر گئی اور پھسل کر کھائی میں جاگری۔ حادثے میں کئی افراد شدید طور پر زخمی بھی ہوئے ہیں۔

یہ بس 115 فٹ گہرے نالے میں جاگری۔ یہ بس راجدھانی کے شمال مشرقی علاقے Progreso سے آرہی تھی۔ گواٹے مالا کے صدر Bernardo Arevalo نے اس حادثے میں جان گنوانے والوں کے تئیں تعزیت کا اظہار کیا ہے۔×

## Badminton Asia Championship

بیڈمنٹن میں 2025 Asia Mixed Team Championship آج سے چین کے Qingdao میں شروع ہورہی ہے۔ لکشیہ سین اور مالویکا بنسوڈ بھارتی ٹیم کی قیادت کریں گے۔

سین ایچ ایس پرونائے کے ساتھ مردوں کے سنگلز نمائندگی کریں گے۔ وہیں بھارتی نمبر 2 کھلاڑی مالویکا بنسوڈ خواتین کے سنگلز میں ملک کی نمائندگی کریں گی۔

مردوں کے ڈبلز میں ایشیائی کھیلوں کے Champion ستوک سائی راج رینکی ریڈّی اور چراغ شیٹی کی جوڑی مقابلہ کرے گی۔ جبکہ خواتین کے ڈبلز میں نوجوان کھلاڑی Treesa Jolly اور گائتری گوپی چند کی جوڑی ہوگی اور اشونی Ponappa اور تنیشا کراسٹوس بھی بھارت کی نمائندگی کریں گی۔

## Chess Freestyle Grand Slam

عالمی چیمپین ڈی گوکیش کل دوسرے اسڑیٹ کوارٹر فائنل مقابلے میں امریکہ کے Fabiano Caruana سے ہارنے کے بعد Free Style Grand Slam Chess سے باہر ہوگئے ہیں۔پہلے گیم میں سفید مہروں کے ساتھ کھیلتے ہوئے میچ ہارنے کے بعد گوکیش دوسرے گیم میں Caruana کا زیادہ دیر تک مقابلہ نہ کر سکے اور Caruana نے 18 چالوں میں یہ مقابلہ جیت لیا اب گوکیش آخری چار مقام کے کھیلیں گے۔

## Delhi Open Tennis

ٹینس میں، آج دلّی کے DLTA Complex میں دلّی اوپن 2025 ٹینس ٹورنامنٹ کے افتتاحی راؤنڈ میں مردوں کے سنگلز میں بھارت کے Mukund Sasikumar کا مقابلہ فرانس کے Sascha Gueymard Wayenburg سے ہوگا۔

ایک دیگر میچ میں اسی زمرے میں بھارت کے Ram Kumar Ramanathan کامقابلہ چیک جمہوریہ Dalibor Svrcina سے ہوگا۔

وہیں مردوں کے ڈبلز میں بھارت کے Niki Kaliyanda Poonacha کی جوڑی، زمباوے کے Courtney John Lock کے ساتھ بنے گی اور ان کا مقابلہ پہلے راؤنڈ میں چیک جمہوریہ کے Dalibor svrcina اور Marek Gengel کی جوڑی سے ہوگا۔

IMD Weather

بھارتی محکمہ موسمیات IMD نے اروناچل پردیش میں دور دور تک شدید بارش اور برفباری کی پیشگوئی کی ہے۔ موسمیات کے محکمے یہ بھی کہا ہے کہ آسام اور میگھالیہ کے کئی حصوں میں گل تک بجلی چمکنے اور گرج چمک ہونے کا امکان ہے۔

گنگا کی ترائی والی مغربی بنگال والے خطے میں آج گھنا کہرہ چھائے رہنے کا امکان ہے۔IMD نے کہا ہے کہ اگلے پانچ روز کے دوران شمال مغربی بھارت کے میدانی علاقوں میں کم از کم درجہ حرارت میں کوئی خاص تبدیلی نہیں ہوگی۔ البتہ ملک کے مشرقی حصے میں اگلے دو روز کے دوران کم از کم درجہ حرارت میں بتدریج دو سے تین ڈگری سیلسیس کا اضافہ ہونے کا امکان ہے۔

یہ خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

ایک بار پھر

1- وزیراعظم نریندر مودی آج پیرس میں فرانس کے صدر ایمانوئل میخواں سے بات چیت کریں گے۔ وزیراعظم، AI ایکشن سمٹ کی مشترکہ طور پر صدارت بھی کریں گے۔

2- صدر جمہوریہ دروپدی مرمو آج شام نئی دلی میں یونانی دن کے موقع پر دو روزہ بین الاقوامی کانفرنس کا افتتاح کریں گی۔

3- بھارت نے ملک میں تیار کیے گئے اپنے پہلے خودکار بایو میڈیکل Waste Treatment پلانٹ کا آغاز کیا ہے۔

4- اِنڈیا اِنرجی وِیک 2025 آج سے دلی کے Yashobhoomi میں شروع ہوگا۔ اس میں 700 نمائش کار جدید ترین ٹیکنالوجی کی نمائش کریں گے۔

5- اور

چین میں بیڈمنٹن ایشیا مکسڈ چیمپین شپ آج سے شروع ہوگی۔ لکشیہ سین اور Malvika Bansod بھارتی ٹیم کی قیادت کریں گے۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔